

# بچوں کے لئے

# بیمار پرسی کے آداب

(سوال وجواب کی شکل میں)

## Bacchon Ke liye

# Beemar Pursi ke Aadab

Urdu & Roman






Compiler

Shaikh Nooruddin Umeri

# پیش لفظ

**السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ**

قارئین آپ کو یہ جان کر بڑی خوشی ہوگی کہ DTK کی جانب سے بچوں کی تعلیم وتربیت کی جو تحریک چل پڑی ہے اس کا بہت فائدہ ہورہا ہے۔اس تحریک سے سیکڑوں بچے جڑے ہوئے ہیں، مسلسل ان کی تربیت کی جارہی ہے، آداب سکھائے جارہے ہیں مختلف دلچسپ Activities دی جارہی ہیں، تربیتی کلاس منعقد کئے جارہے ہیں۔ بچوں کے لئے لٹریچر تیار کیا جارہا ہے، نصاب تیار کیا جارہا ہے، بچوں کے لئے مختلف کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں۔اسی سلسلہ کی ایک کڑی "**بیمار پرسی کے آداب**" بھی ہے۔جس میں بچوں کے لئے **بیمار پرسی** کے مختلف آداب خوبصورت ڈیزائننگ کے ساتھ پیش کی جاتی ہیں۔اللہ سے دعا ہے کہ اس کام کو قبول فرمائے۔امت کے نونہالوں کے دلوں میں دین کی محبت پیدا فرمائے۔دین پر عمل کرنا آسان بنادے۔آمین

آپ کا خیر خواہ

نورالدین عمری۔ یم اے، یم فل

## 1

URDU

**سوال:** بیماری کس کی طرف سے آتی ہے؟

**جواب:** بیماری اللہ کی طرف سے آتی ہے۔




ROMAN

**Question:** Beemari kis ki taraf se aati hai?

**Answer:** Beemari Allah ki taraf se aati hai.

## 2




URDU

**سوال:** بیماری سے بچانے والا کون ہے؟

**جواب:** بیماری سے بچانے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

ROMAN

**Question:** Beemari se bachane wala koun hai?

**Answer:** Beemari se bachane wala Allah tala hai.

## 3

URDU

**سوال:** اللہ کے علاوہ کیا کوئی ہمیں بیماری سے بچا سکتا ہے؟

**جواب:** نہیں! اللہ ہی بیماریوں سے ہماری حفاظت کرتا ہے۔

ROMAN

***Question:*** Allah ke alawa kya koi hume beemari se bacha sakta hai?

***Answer:*** Nahi! Allah hi beemariyon se hamari hifazat karta hai.

## 4

URDU

**سوال:** بیماری میں تقدیر کو بُرا بولنا کیسا ہے؟

**جواب:** تقدیر کو برا نہیں بولنا چاہئے۔




ROMAN

***Question:*** Beemari mein taqdeer ko bura bolna kesa hai?

***Answer:*** Taqdeer ko bura nahi bolna chahiye.

## 5



URDU

**سوال:** بیماریوں سے بچنے کے لئے ہمیں کیا دعا پڑھنا چاہیے؟

**جواب:** یہ دعا پڑھنا چاہیے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡبَرَصِ وَالۡجُذَامِ وَالۡجُنُوۡنِ وَمِنۡ سَیِّئِ الۡاَسۡقَامِ۔

ROMAN

**Question:** Beemariyon se bachne ke liye hume kya duaein padhna chahiye?

**Answer:** Ye duaein padhna chahiye "Allahumma inni a'udhu bika minal-barasi, wal-juzami, wal-jununi wa sayyi'il-asqami'

## 6



URDU

**سوال:** ان کے علاوہ اور کیا پڑھنا چاہیے؟

**جواب:** "سورۃ الفاتحہ"، "قل اعوذ برب الفلق" اور "قل اعوذ برب الناس" پڑھنا چاہیے۔



ROMAN

**Question:** Inke alawa aur kya padhna chahiye ?

**Answer:** Surat-ul-fatiha, Qul audhu birabbil falaq, Qul audhu birabbin naas padhna chahiye.

## 7

URDU

**سوال:** نظر بد وغیرہ سے بچنے کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

**جواب:** نظر بد وغیرہ سے بچنے کے لئے ہمیں یہ دعا پڑھنا چاہئے: اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ۔

ROMAN

**Question:** Nazr-e-badd wagaira se bachne ke liye hume kya karna chahiye?

**Answer:** Nazr-e-badd wagaira se bachne ke liye ye dua padhna chahiye *"A`udhu bi kalimatillahi at-tammati min kulli ainin lamma wa min kulli shaytaanin wa hamma"*

## 8



URDU

**سوال:** کسی بیمار آدمی کو دیکھیں تو کیا پڑھیں؟

**جواب:** یہ دعا پڑھیں: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّنِ ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلاً۔

ROMAN

**Question:** Kisi beemar Admi ko dekhen toh kya padhein?

**Answer:** Ye dua padhe *"Alhumdulillahil lazi Afaani mimmab talaka bihi wa fazzalani ala kaseeran mimman khalaqa tafdheela."*

## 9

URDU

**سوال:** بیمار آدمی کی خیریت معلوم کرنے کے لئے جانا کیسا ہے؟

**جواب:** یہ بڑے ثواب کا کام ہے اور ایک مسلمان کا حق ہے۔



ROMAN

**Question:** Beemar Admi ki khairiyath malum karne ke liye jana kesa hai?

**Answer:** Ye bade sawab ka kaam hai aur ek musalman ka haqq hai.

## 10

URDU

**سوال:** اس کا ثواب کیا ہے؟

**جواب:** نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے مسلمان بھائی کی بیمار پرسی کرنے کے لئے جاتا ہے وہ واپس آنے تک جنت کے تازہ پھلوں کو چنتا رہتا ہے۔

ROMAN


**Question:** Iska sawab kya hai?

**Answer:** Nabi ne farmaya jo apne musalman bhai ki beemar pursi karne ke liye jata hai wo wapis ane tak jannat ke taza phalon ko chunta rehta hai.

## 11

URDU

**سوال:** کسی بیمار کے پاس جائیں تو کیا کریں؟



**جواب:** اس کے پاس یہ دعا پڑھیں: لَا بَاْسَ طَھُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ۔

ROMAN

**Question:** Kisi beemar ke pass jayen toh kya karen?

**Answer:** Iske pass ye Dua padhen la Ba'sa Tahurun in shaa Allah.

## 12

URDU

**سوال:** اس کے علاوہ اور کیا پڑھیں؟

**جواب:** سات بار یہ پڑھیں: اَسْاَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَکَ۔

ROMAN

**Question:** Iske alawa aur kya padhe?

**Answer:** Saat baar ye padhe *Asalul lahul azeem Rabbal Arshil Azeem aiyn yashfiak.*

## 13

URDU

**سوال:** جسم میں کسی جگہ پر درد ہو تو کیا کریں؟

**جواب:** جس جگہ درد اور تکلیف ہو رہی ہے اس پر ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ بسم اللہ کہیں اور سات بار یہ دعا پڑھیں: اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔



ROMAN

**Question:** Jism mein kisi jagah par dard ho toh kya kare?

**Answer:** Jis jagah dard aur takleef ho rahi hai us par hath rakhkar 3 martaba bismillah kahe aur 7 baar ye dua padhen *Audhu bi-izzati wa qudratihi min sharrii ma ajidu wa-uhaziru*

## 14

URDU

**سوال:** کیا بیمار ہونے سے ہمارے گناہ معاوف ہوتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں بیمار ہو جانے کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: گناہ معاف ہوتے ہیں۔

ROMAN

**Question:** Kya beemar hone se hamare gunah maaf hote hai?

**Answer:** ji Han beemar hojane ki wajah se Rasool Allah ne farmaya - gunah maaf hote hai.

## 15

URDU

**سوال:** بیماری کی حالت میں وضو کیسے کریں گے؟

**جواب:** وضو کرنے میں آسانی ہو تو وضو کریں، گرم پانی سے کریں، اگر پانی سے وضو کرنے سے بیماری بڑھ سکتی ہے پھر تو مٹی پر ہاتھ مار کر تیمم کرلیں۔




ROMAN

**Question:** Beemari ki halath mein wazu kese kare?

**Answer:** Wazu karne mein asaani ho toh wazu kare, garam pani se kare, agar apni s wazu karne se Beemari badh sakti hai toh matti par hath maar kar tayyamum karlen.

## 16



URDU

**سوال:** کیا بیماری کی حالت میں نماز معاف ہے؟

**جواب:** نہیں بیماری کی حالت میں بھی نماز معاف نہیں ہے۔

ROMAN

**Question:** Kya beemari ki halath mein namaz maaf hai?

**Answer:** Nahi beemari ki halath mein bhi namaz maaf nahi hai.

## 17

URDU



**سوال:** پھر ہم نماز کیسے پڑھیں؟

**جواب:** جیسے سہولت ہو، کھڑے ہو کر پڑھ سکتے ہیں تو کھڑے ہو کر، نہیں تو بیٹھ کر، نہیں تو سو کر، لیکن نماز پڑھیں۔

Roman

**Question:** Phir hum namaz kese padhe?

**Answer:** Jaisi sahulath ho, khade ho kar padh sakte hai toh khade hokar, nahi toh baith kar, nahi toh so kar, lekin namaz padhen.

## 18

URDU

**سوال:** بیماری کی حالت میں سنت نماز چھوڑ دیں تو کیا ہوگا؟

**جواب:** اگر ہم پہلے سنت پڑھتے تھے اور اب بیماری کی وجہ سے نہیں پڑھ رہے ہیں تو اللہ تعالی ہمیں پڑھنے کا ثواب دے گا، ان شاء اللہ۔

Roman

**Question:** Beemari ki halath mein sunnat namaz chod den toh kya hoga?

**Answer:** Agar hum pehle sunnat padhte the aur ab beemari ki wajah se nahi padh rahe toh Allah tala hame padhne ka sawab dega, in shaa Allah.

# INTRODUCTION OF NOORUDDIN UMERI

Shaikh Nooruddin Umeri, is a renowned Islamic scholar, speaker and researcher from Hyderabad, India. He has delivered thousands of talks all over India – in organized programs as well as Friday Sermons in Masaajid. Apart from the lengthy speeches, his short and informative videos on YouTube on a variety of topics have a large number of followers, Alhamdulillah.

He is a successful Child Psychologist and a Family Therapist. With in-depth understanding of Islam, he specializes in counseling students, parents and spouses in the light of Shari'ah.

**EDUCATION:**

Aalim Faazil – Jamia Darussalam, Oomerabad.
Bachelor of Arts, Arabic – Madras University.
Master of Arts, Arabic – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyderabad.
Diploma in Translation – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyderabad.
Master of Philosophy, Arabic – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyderabad
Master of Arts, Urdu – Central University of Hyderabad, Hyderabad

**TEACHING EXPERIENCE:**

Worked as an Arabic Lecturer at Narayana Junior College, Hyderabad for a period of 10 years.
Worked at Jamia Darul Furqaan, Sayeedabad, Hyderabad.
Jamia Hafsa Alssalfiya, Golconda, Hyderabad.

**RESEARCH WORK:**

AskIslamPedia – An online Islamic Encyclopedia, Head office – Hyderabad,

**CURRENT DESIGNATION:**

Director, Ocean The ABM School, Hyderabad.

# Under designing Booklets for kids

- School ke Aadab
- Khel kood ke Adab
- Khane ke Aadab
- Sone ke Adab
- Mulaqat ke Adab
- Raste ke Adab
- Dosti ke Adab
- Padosi ke Adab
- Ghar ke Adab
- Sawari ke Adab
- Masjid ke Adab

**Note :**

Support us in publishing of children's literature
Google pay Number 9391138391